**19.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...........شمیم احمد

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں روایتی ادویات کے موضوع پر WHO گلوبل سمٹ سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ یوگا نے ساری دنیا کو صحت، توازن اور یکجہتی کا راستہ دکھا دیا۔

☆ پارلیمنٹ کا موسم سرما کا اجلاس وکست بھارت جی رام جی بل سمیت آٹھ بلوں کی منظوری کے بعد ختم ہوگیا ہے۔

☆ روس کے صدر ولادیمیر پتن نے روس کے اثاثوں کو ضبط کرنے کی یوروپی یونین کی کوششوں کو نکتہ چینی کی ہے۔ اور اس قدم کو ڈکیتی قرار دیا ہے۔

☆ محکمہ موسمیات نے اترپردیش، دلّی، چھتیس گڑھ اور ہماچل پردیش میں کل گہرے اور انتہائی گہرے کُہرے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور احمدآباد میں جاری پانچویں اور آخری ٹی–ٹوینٹی میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کیلئے 232رن کا نشانہ رکھا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Rev PM WHO**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اِس بات کو اجاگر کیا کہ توازن کو پھر سے قائم کرنا صرف عالمی کاز ہی نہیں ہے بلکہ یہ ایک عالمی Urgency بھی ہے۔ نئی دلّی میں روایتی دواؤں کے موضوع پر WHO گلوبل سمٹ میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ یوگا نے پوری دنیا کو صحت، توازن اور یکجہتی کا راستہ دکھا دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کی کوششوں اور 175سے زیادہ ملکوں کے تعاون سے 21جون کی تاریخ کو اقوام متحدہ کی جانب سے یوگا کا بین الاقوامی دن قرار دیا گیا۔ انھوں نے کہا کہ پچھلے کچھ برسوں میں سبھی نے دیکھا کہ یوگا دنیا کے کونے کونے تک پہنچ رہا ہے۔

**S/B PM**

اس موقع پر وزیر اعظم نے عالمی صحت تنظیم کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر Adhanom Tedros

Ghebreyesus کے ساتھ نئی دلّی میں WHO جنوب مشرقی ایشیا علاقائی دفتر کی عمارت کا افتتاح کیا۔ اس عمارت میں WHO انڈیا کنٹری آفس بھی ہوگا۔ یہ عالمی صحت تنظیم کے ساتھ بھارت کی شراکت داری میں ایک اہم سنگ میل کی علامت ہے۔ وزیر اعظم نے یوگا میں تربیت کے موضوع پر WHO کی ٹیکنیکل رپورٹ اور ایک کتاب کا بھی اجرا کیا جس کا عنوان ہے: ”From Roots to Blobal Reach: 11 Years of Transformation in Ayush“x۔

**House Adjourned Sine Die**

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی غیرمعینہ مدت کیلئے ملتوی کردی گئی۔ اِسی کے ساتھ موسم سرما کا 19 روزہ اجلاس آج ختم ہوگیا۔ پہلے لوک سبھا کی کارروائی غیرمعینہ مدت کیلئے ملتوی کی گئی اور بعد میں راجیہ سبھا کو بھی ملتوی کردیا گیا۔اپنے اختتامی خطاب میں لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے بتایا کہ ایوان میں کارکردگی کے اعتبار سے تقریباً 111فیصد کام ہوا۔ انھوں نے بتایا کہ ایوان کی کُل 15 نشستیں ہوئیں۔

**S/B Om Birla**

اپنے اختتامی خطاب میں راجیہ سبھا کے صدرنشیں سی پی رادھا کرشنن نے کہا کہ ایوان میں تقریباً 92 گھنٹے کام ہوا اور کارکردگی کے اعتبار سے 121فیصد کام ہوا۔جناب رادھا کرشنن نے بتایا کہ ایوان میں قومی گیت وندے ماترم کی 150سالہ یاد کے موقع پر خصوصی بحث ہوئی، جس میں 82ارکان نے حصہ لیا۔جناب رادھا کرشنن نے اپوزیشن ممبران کی جانب سے کَل کی نشست کے دوران رخنہ اندازی پر تشویش کا اظہار کیا۔ انھوں نے کہا کہ نعرے لگانا، پلے کارڈ دکھانا، بحث کا جواب دینے والے وزیر کی بات میں رخنہ ڈالنا، کاغذوں کو پھاڑنا اور اُنھیں ایوان کے بیچوں بیچ پھینکنا یہ سب وہ باتیں ہیں جو پارلیمنٹ کے ممبر نہ ہونے کے برتاؤ کو ظاہر کرتی ہیں۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ ممبرانِ پارلیمنٹ اپنا محاسبہ کریں گے اور مستقبل میں اِس طرح کا نازیبا برتاؤ نہیں دوہرائیں گے۔ موسم سرما کے اجلاس کے اختتام پر نئی دلّی میں آج نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے بتایا کہ پارلیمنٹ کے موسم سرما کے اجلاس میں جن بلوں کو منظوری دی گئی وہ کروڑوں لوگوں کی زندگی کو بہتر بنانے اور بھارت کے ایک ترقی یافتہ ملک بنانے میں اہم رول ادا کریں گے۔ جناب رجیجو نے پارلیمنٹ کے موسم سرما کے اجلاس کو ملک کو انتہائی سودمند قرار دیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ قومی گیت وندے ماترم کی 150سالہ یاد کے موقع پر کی گئی بحث سے حب الوطنی کے جذبے کو فروغ ملا۔

**S/B Kiren Rijiju**

انھوں نے کہا کہ ایسا پہلی بار ہوا کہ انتخابی اصلاحات کے سلسلے میں ایک علاحدہ بحث ہوئی۔ وزیرموصوف نے بتایا کہ کئی لوگوں نے انتخابی عمل کے سلسلے میں سوالات کھڑے کئے لیکن پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں انتخابی اصلاحات پر کی گئی بحث کے بعد ہر چیز واضح ہوگئی ہے۔ جناب رجیجو نے کہا کہ جن لوگوں نے انتخابی کمیشن اور انتخابی نظام کے خلاف الزامات عائد کئے اُن کی قلعی کھل گئی۔

**S/B Kiren Rijiju Election**

دلّی NCR میں فضائی آلودگی پر بحث کے سلسلے میں کئے گئے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ اپوزیشن بالخصوص کانگریس نے لوک سبھا میں شور وغل کیا جس کی وجہ سے اِس معاملے پر بحث نہیں ہوسکی۔ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ پارلیمنٹ کے موسم سرما کے اجلاس کے دوران کُل آٹھ بل منظور کئے گئے۔

**VC Anand/Dipendra**

لوک سبھا میں دس بل پیش کئے گئے اور آٹھ منظور کئے گئے جبکہ راجیہ سبھا نے اِن آٹھوں بلوں کو منظوری دے گی۔ پارلیمنٹ میں جو بل پاس کئے گئے اُن میں سے اہم بل ہیں : ’’وکست بھارت روزگار اور آجیویکا مشن گرامین کی گارنٹی یعنی وکست بھارت جی رام جی بل 2025‘‘، ’’بھارت کی کایاپلٹ کیلئے نیوکلیائی توانائی کی پائیدار افزودگی اور جدید ترین ترقی کا بل‘‘، سب کا بیمہ سب کی رَکشا (بیمہ قوانین میں ترمیم سے متعلق بل‘‘ اور ’’ہیلتھ سکیورٹی سے نیشنل سکیورٹی سیس بل 2025‘‘ وکست بھارت شکشا Adhishthan بل 2025 کو مزید جانچ پڑتال کیلئے پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کو بھیجا گیا ہے۔ آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

## Jaishankar Netherlands

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلی میں نیدرلینڈ کے اپنے ہم منصب David Van Weel سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا پر بھیجے گئے ایک پیغام میں ڈاکٹر جے شنگر نے کہا کہ دونوں وزراء نے دونوں ممالک کے مابین تجارت، دفاع، جہازرانی، پانی، زراعت، صحت اور تمدن کے شعبہ میں دوطرفہ تعاون سے متعلق تبادلۂ خیال کیا۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ دونوں ممالک نے سیمی کنڈکٹرس، ذہانت کی نقل و حرکت اور قابل تجدید توانائی سے متعلق نئے مواقع پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ دونوں وزراء نے کثیر رخی تعاون اور دونوں ممالک سے متعلق عالمی معاملات پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے مزید کہا کہ بھارت یوروپی یونین کے بیچ قریبی تعلقات اور آزاد تجارتی معاہدے FTA کی تکمیل کے لیے نیدرلینڈ کی حمایت کی قدر کرتا ہے۔×

## Vaishnaw GSV

ریلوے، اطلاعات اور نشریات اور الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا ہے کہ گتی شکتی وشوودیالیہ نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ اہم شعبوں میں اپنی تعلیمی توجہ کو مزید پختگی عطا کرے گا۔ اِن شعبوں میں پُل اور سرنگ سے متعلق انجینئرنگ، سمندری سرحد سے متعلق مطالعات، دفاعی سازوسامان اور نقل وحمل کی مربوط منصوبہ بندی شامل ہیں۔وزیر موصوف نے نئی دلّی میں کل ریل بھون میں گتی شکتی وشوودیالیہ کی یونیورسٹی کوڈ کی دوسری میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ اب یونیورسٹی IRMS افسروں کی پروبیشن تربیت کا پروگرام چلائے گی اور صنعتی اداروں کے ساتھ اِس معاملے پر بات چیت کرے گی کہ مزید Chair پروفیسر شپ قائم کرسکے۔

میٹنگ کے دوران BISAG اور GSV نے پی ایم گتی شکتی اسکیموں کو مزید مستحکم کرنے کے سلسلے میں ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے، جبکہ AMD نے یونیورسٹی کی Incubation سہولت کو مالی تعاون فراہم کرنے کا اعلان کیا۔x

## Putin Ukraine Goals

روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے کہا ہے کہ روسی افواج، پورے یوکرین میں آگے بڑھ رہی ہیں اور ماسکو اپنے فوجی اہداف حاصل کرنے کی راہ پر ہے۔ سال کے اختتام پر ہونے والی اپنی اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے آج پوتن نے کہا کہ روسی افواج نے اسٹریٹجک برتری حاصل کرلی ہے اور وہ سال کے آخر تک مزید پیش رفت کرے گی۔ حالیہ مہینوں میں روس کی بڑی اور بہتر طریقے سے لیس فوج نے دھیمی لیکن متواتر پیش رفت کی ہے۔ اِس سالانہ انعقاد کے ذریعے روس کے لوگوں کو 25سال سے ملک کی قیادت کر رہے صدر پوتن سے سوال پوچھنے کا موقع ملتا ہے اور اس دوران صدر پوتن اِسے اپنی حاکمیت اور خیالات کے اظہار کے موقعے کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

اِس سال کی اخباری کانفرنس کے دوران یوکرین اور امریکہ کی حمایت والی امن پہل پر پوتن کے تبصروں سب کی قریبی نگاہ تھی۔ پوتن کے مطابق کریملن کی جانب سے تنازعہ کی بنیادی وجوہات قرار دیئے گئے معاملوں کے پُرامن تصفیے کیلئے روس تیار تھا۔ اس سے پہلے جناب پوتن نے انتباہ دیا تھا کہ یوکرین اور اُس کے مغربی اتحادیوں کی جانب سے شرائط کو مسترد کیے جانے کی صورت میں ماسکو اپنے زمینی کنٹرول میں توسیع جاری رکھے گا۔ x

## Bangladesh Protests

## TN SIR Final Draft

تمل ناڈو میں، چیف الیکٹورل افسر محترمہ ارچنا پٹنائک نے انتخابی فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظر ثانی SIR کے بعد آج ووٹروں کی فہرست کا مسودہ جاری کیا۔ اس موقع پر چنئی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ SIR کے بعد ووٹر فہرستوں کے اس مسودے میں 5 کروڑ 43لاکھ 76ہزار 755ووٹر ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اس مسودے میں 97لاکھ 37ہزار 832لوگوں کا نام ہٹا دیا گیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC K Devi Padmanabhan**

انتخابی فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی، SIR مہم تمل ناڈو میں 4سے 14دسمبر تک جاری رہی۔ آج انتخابی فہرستوں کا مسودہ چیف الیکٹورل افسر نے جاری کیا۔ 6 کروڑ 41لاکھ 14ہزار 587ووٹروں کے نام درج تھے۔ بوتھ لیول افسران، BLO نے ریاست کے 38اضلاع میں گھر گھر جاکر فارم تقسیم کیے۔ اب انتخابی فہرست کے مسودے میں ووٹروں کی تعداد 5 کروڑ 43لاکھ 76ہزار 755ہے۔ ان میں 2 کروڑ 66لاکھ مرد جبکہ 2 کروڑ 77لاکھ خواتین ہیں۔ اس انتخابی فہرستوں کے اس مسودے میں جن کا نام شامل نہیں ہے، ان کیلئے دو ہفتے تک خصوصی کیمپ لگائے جائیں گے۔ اس مسودے میں جن اہل افراد کے نام شامل نہیں ہیں، اس سے متعلق دعوے، اعتراضات وغیرہ جمع کرانے کی آخری تاریخ 18جنوری ہے۔

## Grants Tamil Nadu

حکومت نے مالی برس 2025-26 کیلئے تمل ناڈو میں دیہی بلدیاتی اداروں اور پنچایتی راج سے متعلق اداروں کو مستحکم کرنے کی غرض سے پندرھویں مالیاتی کمیشن گرانٹس کے تحت 127 کروڑ روپئے جاری کئے ہیں۔ پنچایتی راج کی وزارت نے بتایا کہ یہ ریاست کی 9 ضلع پنچایتوں، 74 بلاک پنچایتوں اور دو ہزار 901 گرام پنچایتوں کیلئے Untied گرانٹ کی دوسری قسط ہے۔x

## Tribal Ministry Workshop

قبائلی امور کی وزارت نے نیشنل ٹرائمل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، NTRI کے اشتراک سے درج فہرست قبائل اور جنگلات میں مقیم قدیم باشندے جو کہ فاریسٹ رائٹ ایکٹ 2006 میں درج ہیں، کیلئے آج نئی دلّی میں ایک قومی مشاورتی ورکشاپ کا انعقاد کیا۔

قبائلی امور کے وزیر جوئل اورام نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فاریسٹ ایکٹ 2006، درج فہرست قبائل اور جنگلات میں مقیم قدیم باشندوں، جن کے ساتھ عرصۂ دراز سے ناانصافی ہو رہی ہے، ان مسائل سے نمٹنے میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوا ہے۔ وزیر موصوف نے زور دے کر کہا کہ فاریسٹ ایکٹ کے مؤثر نفاذ کیلئے ریاستی حکومتوں کو ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کرنے چاہئیں۔ x

## India Oman CEPA

حکومت نے آج اطلاع دی ہے کہ بھارت اور عمان کے درمیان دستخط کیے گئے جامع اقتصادی ساجھیداری سمجھوتے، CEPA کے تحت بھارت کو Oman کے بازار میں 98اعشاریہ صفر–آٹھ فیصد ڈیوٹی فری بازار رسائی حاصل ہوگی۔ نئی دلّی میں آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے کامرس اور صنعتوں کی وزارت میں ایڈیشنل سیکریٹری اجے Bhadoo نے بتایا کہ اِس معاہدے سے ٹیکسٹائل، زرعی اشیاء اور ٹرانسپورٹ آلات جیسے شعبوں کو دیگر شعبوں کے ساتھ کافی فائدہ ہوگا۔ معاہدے کے تحت چمڑے، جوتے چپل، ٹیکسٹائل اور ملبوسات، جواہرات اور زیورات جیسے محنت پر مبنی شعبوں کو بھی فائدہ پہنچے گا۔

وزارت نے بتایا کہ CEPA، معدنیات، کیمیکلز، بنیادی دھاتوں، مشینری، پلاسٹک اور ربر جیسی اشیاء کی برآمدات میں نئے امکانات پیدا کرے گا اور تعمیل کے بوجھ کو کم کرتے ہوئے انضباطی طریقۂ کار کو آسان بنا کر Oman کے درآمداتی بازار میں مزید رسائی ممکن بنائے گا۔ x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اترپردیش، دلّی، چھتیس گڑھ اور ہماچل پردیش کیلئے گھنے کہرے کا کل کیلئے Orange الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق اس طرح کی صورتحال بہار، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، اتراکھنڈ، جھارکھنڈ اور شمال مشرقی علاقوں میں بھی رہے گی۔ محکمۂ موسمیات نے اگلے دو روز کے دوران

کرناٹک کے اندرونی علاقوں اور تلنگانہ میں سرد لہر کی پیشگوئی کی ہے۔دلّی قومی راجدھانی خطے میں ہوا کی کوالٹی تا حال خراب زمرے میں ہے۔ آلودگی پر قابو پانے والے مرکزی بورڈ کے مطابق دلّی میں AQI آج شام 369ریکارڈ کیا گیا۔ x

## Civil Aviation Advisery

شہری ہوا بازی کی وزارت نے آج کہا کہ شمالی بھارت کے کئی حصوں میں گھنے کہرے کے سبب ہوائی خدمات متاثر ہوسکتی ہیں۔ وزارت نے مسافروں کو ایئرلائنس، ائیرپورٹ اور دیگر ذرائع کے ذریعہ کہرے کے سبب پروازوں میں آرہی رکاوٹوں سے باخبر رہنے کی ہدایت کی۔وزارت نے مسافروں سے زور دیکر کہا کہ بلارکاوٹ سفر کے خاطر اضافی وقت کا خیال رکھیں۔ وزارت نے کہا کہ وہ بھارتی محکمۂ موسمیات کے ساتھ رابط میں ہے اور کوئی بھی فیصلہ موسم کی تازہ ترین صورتحال کے مدّنظر کیا جا رہا ہے۔ ×

## Train Flight Fog Affect

دلّی اور قومی راجدھانی خطے میں آج گھنے کہرے کی وجہ سے کئی پروازوں اور ٹرینوں کی آمد و رفت میں رخنہ پڑا۔ دلّی ہوائی اڈے نے کہا کہ اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر تقریباً 177پروازوں کو کم حدِ بصارت کی وجہ سے منسوخ کرنا پڑا۔ بھارتی ریلوے کے دلّی ڈویژن نے بتایا کہ دلّی آنے والی کئی ریل گاڑیوں پر آج اِس کا اثر پڑا۔ ریلویز کے مطابق تقریباً 20ٹرینوں میں 3 گھنٹے سے زیادہ کی تاخیر ہوئی۔ x

## Cricket T20 India va South Africa

مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز کے پانچویں اور آخری میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 232رن کا نشانہ دیا ہے۔ یہ میچ احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں کھیلا جا رہا ہے۔

جیت کے لیے درکار 232رن کے لیے کھیلتے ہوئے اب سے کچھ دیر پہلے تک جنوبی افریقہ نے 4اوور میں بغیر کسی وکٹ پر 52رن بنالئے تھے۔

اس سے پہلے بھارت نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20اوورز میں 5وکٹ کے نقصان پر 231 رن بنائے۔بھارت نے اپنی ٹیم میں تین تبدیلیاں کی ہیں۔ شُبھمن گل کی جگہ سنجو سیمسَن، Harshit Rana کی جگہ جسپریت بُمراہ اور کلدیپ یادو کی جگہ واشنگٹن سُندر کو ٹیم میں جگہ دی گئی ہے۔ بھارت کو سیریز میں دو–ایک کی سبقت حاصل ہے۔ سیریز کا چوتھا میچ لکھنؤ میں کہرے کی وجہ سے منسوخ کر دیا گیا تھا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆